| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات اور عبادات (الف) ایمانیات | سبق کا نام: توحید کا تعارف |

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان رکھیں۔
- یہ بات جان اور سمجھ لیں کہ دنیا کی تمام چیزوں بشمول انسان کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں اور طلبہ کو توحید کا مطلب سمجھائیں کہ کائنات میں موجود ہر شے کا مالک اللہ تعالیٰ ہے۔ اللہ تعالیٰ اکیلا ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 13 کا پہلا پیرا گراف درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔ طلبہ پر متن کو واضح کریں، مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کا مطلب سمجھائیں۔
- سبق میں طلبہ کی دلچسپی پیدا کرنے کے لیے ان سے مختلف سوالات پوچھیں جیسے:

الف: اللہ تعالیٰ کون ہے؟

ب: کیا اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک ہے؟

ج: کائنات میں موجود ہر شے کا مالک کون ہے؟

- طلبہ کو توحید کا مطلب سمجھائیں۔ انھیں بتائیں کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے، وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا اور اس کا کوئی شریک نہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اس دنیا میں ہر چیز اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہے یہ زمین، آسمان، سورج، چاند، ستارے، پھل، پھول سب کچھ اللہ تعالیٰ نے بنائے ہیں اور وہی ہر چیز کا مالک ہے۔

- طلبہ کو بتائیں کہ ہم سب کو بھی اللہ تعالیٰ نے ہی پیدا کیا ہے۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ کیا وہ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی مزید چیزوں کے نام بتا سکتے ہیں؟ ان کو سوچنے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- طلبہ کو مختلف پھولوں، پودوں اور درختوں کے فلیش کارڈز دکھائیں اور ان سے پوچھیں کہ آپ کو کس کس رنگ کے پھول پسند ہیں۔
- انھیں بتائیں کہ پودوں اور درختوں پر پھول اور پھل اُگتے ہیں۔ ان سب کو بنانے والا اللہ تعالیٰ ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔
- طلبہ کو اسکول کے باغ میں لے کر جائیں وہاں انھیں پھولوں اور پودوں کا مشاہدہ کروائیں ان سے پھولوں اور پودوں کے رنگوں، ساخت اور خوشبو کے بارے میں گفتگو کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| توحید | تَو۔حید | اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا |
| شریک | شَ۔ریک | حصے دار |
| ہمیشہ | ہَ۔مے۔شہ | سدا |

**اعادہ:** **2منٹ**

طلبہ کو بتائیں کہ کے۔جی جماعت میں وہ پڑھ چکے ہیں کہ اللہ ایک ہے انھیں اس بات کو ذہن نشین کروائیں کہ مسلمان ہونے کے لیے ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ایک مانیں اور صرف اسی کی عبادت کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے متعلق طلبہ سے سوالات کریں۔ انھیں سوچنے اور بولنے کا موقع دیں۔ ان کے جوابات کو توجہ سے سنیں۔ درست جواب دینے پر ان کی حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔


مشق میں دیے گئے پہلے سوال اور اس کے جواب کو تختہ تحریر پر لکھیں۔ اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ اس سوال کے جواب کو اپنی کاپی پر اتاریں اور ساتھ ساتھ جواب پڑھیں تاکہ انھیں یاد ہو جائے۔


**گھر کا کام:** **2منٹ**

طلبہ صفحہ نمبر 13 کے پہلے پیراگراف کی پڑھائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

دی گئی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں رنگ بھریں۔







| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 دُوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |
| باب دوم: ایمانیات اور عبادات (الف) ایمانیات | | سبق کا نام: توحید کا تعارف | |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اللہ تعالیٰ کی مختلف مخلوقات کے نام بتا سکیں مثلاً، ستارے، سورج، درخت، جان ور، پرندے وغیرہ۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ پہلے پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوال پوچھیں کہ توحید کا کیا مطلب ہے؟ طلبہ کو بتائیں کہ کائنات میں موجود ہر چیز سورج، چاند، ستارے، زمین، آسمان اللہ تعالیٰ نے پیدا کیے ہیں اور وہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** **20 منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 13 کی سطریں (دن اور رات ۔۔۔۔ زبان اللہ تعالیٰ نے عطا کیے ہیں) درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔ متن کو آسان اور سادہ الفاظ میں واضح کریں، مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کا مطلب سمجھائیں۔
- سبق میں طلبہ کی دلچسپی بڑھانے کے لیے ان سے پوچھیں کہ ابھی جو ہم نے متن پڑھا ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی کس کس نعمت کا ذکر ہوا ہے؟ طلبہ کے جواب کو توجہ سے سنیں اور تختہ تحریر پر ان نعمتوں کی فہرست بنائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آپ کو اپنے ارد گرد جو بھی چیز نظر آئے گی وہ اللہ تعالیٰ کی نعمت ہو گی۔
- طلبہ کو بتائیں کہ یہ تمام نعمتیں اللہ کی اپنے بندوں کے لیے انعام ہیں تاکہ ہم ان سے فائدہ اٹھا سکیں۔

- انھیں بتائیں کہ اللہ تعالیٰ ان تمام چیزوں پر قادر بھی ہے یعنی ہر چیز اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کرتی ہے جیسے دن اور رات اللہ تعالیٰ کے حکم سے آتے اور جاتے ہیں ہوائیں بھی اللہ تعالیٰ چلاتا ہے۔
- اللہ تعالیٰ نے روشنی کے لیے سورج بنایا اگر سورج نہ ہوتا تو ہر طرف اندھیرا ہوتا۔ سورج بھی اللہ تعالیٰ کے حکم سے طلوع ہوتا ہے اور اس دنیا کو روشن کر کے خوب صورت بناتا ہے۔ اسی طرح دریا اللہ تعالیٰ کے حکم سے بہتے ہیں ہر جان دار کی زندگی اور موت کا مالک بھی اللہ تعالیٰ ہے۔
- موسم بھی اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں اور ہر موسم کا اپنا اپنا فائدہ ہوتا ہے۔ طلبہ کو چاروں موسموں کے فلیش کارڈز دکھائیں اور ان کے پسندیدہ موسموں کے متعلق گفتگو کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہمارے ہاتھ، پاؤں، آنکھیں، ناک، کان اور زبان بھی اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتیں ہیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ وہ ہاتھوں سے کیا کام کرتے ہیں؟ سوچیں اگر ہمارے ہاتھ نہ ہوں تو کیا ہو؟ کیا ہم لکھ سکیں گے یا چیزوں کو پکڑ سکیں گے یا پھر کچھ کھا پی سکیں گے؟ یقیناً نہیں۔
- اسی طرح ہماری ٹانگیں جن کی مدد سے ہم بھاگتے ہیں چلتے پھرتے ہیں اور زندگی کا خوب مزہ اٹھاتے ہیں یہ بھی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہیں۔
- طلبہ کو آنکھوں اور کانوں کی اہمیت سمجھانے کے لیے ان کو کہیں کہ اپنی آنکھوں کو کچھ لمحوں کے لیے بند کریں کیا انھیں کچھ نظر آئے گا؟ اسی طرح اپنی انگلیاں کانوں میں ڈال کر کان بند کریں کیا انھیں کچھ سنائی دے گا؟
- یقیناً طلبہ بتائیں گے کہ نہ انھیں کچھ دکھائی دیا اور نہ ہی سنائی دیا۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آنکھیں اور کان بھی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہیں۔ جن کے بغیر زندگی گزارنے کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔
- اسی طرح طلبہ کو ناک اور زبان کے فائدے بتائیں کہ ناک کے ذریعے ہم سانس لیتے اور چیزوں کی بُو کو محسوس کرتے ہیں اور زبان ہمیں مختلف چیزوں کا ذائقہ بتاتی ہے اور ہم کھانے کی چیزوں کا مزہ اٹھاتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ یہ تمام چیزیں اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہیں جو کہ بے شمار ہیں اور انھیں ہم گن نہیں سکتے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5 منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| حکم | حُ۔ کم | اجازت |
| روشن | رَو۔ شن | چمکانا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مشق کے جزو(2) اور(3) کا سوال کتاب پر حل کروائیں ان الفاظ کی مشق کاپیوں پر بھی کروائیں تا کہ الفاظ کی املا بہتر ہو جائے۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

طلبہ صفحہ نمبر 13 کے دوسرے پیرا گراف کی پڑھائی کریں اور ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

⇐ دیے گئے الفاظ کے توڑ کے جوڑ لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ک | ا | ن | | ______ |
| پ | ا | ؤ | ں | ______ |
| ن | ا | ک | | ______ |
| ہ | ا | تھ | | ______ |
| ز | ب | ا | ن | ______ |

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:________ | مضمون: اسلامیات | سبق: توحید کا تعارف |
| --- | --- | --- |

⇐ دی گئی تصویر میں اللہ تعالیٰ کی جو نعمتیں دکھائی گئی ہیں ان کے نام لکھیں۔



________ ________

________ ________

________ ________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات اور عبادات | سبق کا نام: توحید کا تعارف |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یہ سمجھ لیں کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

سبق کا عنوان لکھیں طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے بہت محبت کرتا ہے اس نے ہمارے لیے جو چیزیں بھی پیدا کی ہیں وہ نعمتیں کہلاتی ہیں اور ہم ان سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی ان نعمتوں کی قدر کریں اور اس کا شکر ادا کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 13 کا آخری پیراگراف درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- طلبہ کو متن سادہ اور آسان الفاظ میں واضح کریں اور مشکل الفاظ کے معنی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے بہت پیار کرتا ہے وہ چاہتا ہے کہ اس کے بندے اس کی بنائی ہوئی چیزوں سے فائدہ اٹھائیں۔
- طلبہ کو مثالوں کے ذریعے واضح کریں جیسے اللہ تعالیٰ نے درخت اور پودے پیدا کیے ہیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ درخت اور پودے ہمارے لیے کس طرح فائدہ مند ہیں؟
- انھیں بتائیں کہ درخت اور پودوں سے ہم مزے مزے کے پھل اور سبزیاں حاصل کرتے ہیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ درختوں کی چھاؤں میں ہم بیٹھتے ہیں۔ درختوں کی لکڑی سے ہم میز، کرسی، پلنگ اور گھر وغیرہ بناتے ہیں۔

- طلبہ کو مختلف جان وروں جیسے گائے، بھینس، بکری، مرغی اور پرندوں کے تصویری فلیش کارڈز دکھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ یہ جانور اور پرندے بھی اللہ تعالیٰ نے ہمارے فائدے کے لیے پیدا کیے ہیں ان میں سے کچھ سے ہم خوراک حاصل کرتے ہیں جیسے گائے، بھینس اور بکری کا ہم دودھ پیتے ہیں اور ان کا گوشت کھاتے ہیں۔ مرغی سے ہم انڈے حاصل کرتے ہیں اسی طرح کچھ جانور سواری کے لیے اور بوجھ اٹھانے کے کام آتے ہیں ان کی کھال سے چمڑا حاصل ہوتا ہے۔
- طلبہ کو آگاہ کریں کہ ہمارے ماں باپ، بہن بھائی، دوست، رشتہ دار، گھر اور ہمارے اردگرد تمام چیزیں اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہیں۔ ہم ان نعمتوں کا شمار تو نہیں کر سکتے لیکن ان کا شکر ادا کر سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو بھی یہ پسند ہے کہ اس کی نعمتوں کا شکر ادا کیا جائے وہ خود فرماتا ہے "میری نعمتوں کا شکر ادا کرو میں تمھیں اور زیادہ دوں گا۔"
- طلبہ کو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کا بہترین طریقہ بتائیں یعنی الحمد اللہ کہنا سکھائیں۔
- طلبہ سے پانچ بار الحمد اللہ کہلوائیں اور بتائیں کہ اس کا مطلب ہے سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں۔
- طلبہ کو ترغیب دلائیں کہ ہر حال میں اٹھتے بیٹھتے، کھاتے پیتے، سوتے جاگتے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| نعمت | نع۔مت | مال و دولت |
| شُکر | شُکرُ | احسان ماننا |

**اعادہ:** 2منٹ

طلبہ کو بتائیں کہ ہمیں کس کس وقت اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے یعنی جب ہم صبح سو کر اٹھتے ہیں تو ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے کہ اس نے ہمیں ایک نیا دن دکھایا۔ اسی طرح کھانے پینے کے بعد شکر ادا کرنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بہترین کھانا دیا۔ یعنی ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے رہنا چاہیے۔

**جائزہ:** 6منٹ

صفحہ نمبر 14 پر دی گئی مشق جزو (1) کے سوال (۲) اور (۳) کے جوابات تختہ تحریر پر لکھیں اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ ان کو کاپیوں پر لکھیں اور ساتھ ساتھ یاد کرتے جائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے اپنی پسند کی ایک چیز بنائیں اور رنگ بھریں اور ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

دی گئی چیزوں میں اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ اور انسان کی بنائی چیزوں کو الگ الگ خانوں میں لکھیں۔

میز    چاند    کتاب    سورج    پانی    عینک

کرسی    ستارے

| اللہ تعالیٰ کی بنائی چیزیں | انسان کی بنائی چیزیں |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

**نام:** __________ | **مضمون:** اسلامیات | **سبق:** توحید کا تعارف

سوال: درج ذیل جانوروں سے ہم کیا فائدہ حاصل کرتے ہیں؟

